نیاز فتح پوری

کا

نگار

وضاحتی اشاریہ

مرتبہ

ڈاکٹر عطا خورشید

خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری پٹنہ

نیاز فتحپوری

کا

نگار

وضاحتی اشاریہ

مرتبہ
ڈاکٹر عطا خورشید

خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری پٹنہ

تقسیم کار : مکتبہ جامعہ لمیٹڈ، جامعہ نگر، نئی دہلی ۔ ۱۱۰۰۲۵

صدر دفتر:

مکتبہ جامعہ لمیٹڈ، جامعہ نگر، نئی دہلی ۔ ۱۱۰۰۲۵

شاخیں :

مکتبہ جامعہ لمیٹڈ، اردو بازار، دہلی ۔ ۱۱۰۰۰۶

مکتبہ جامعہ لمیٹڈ، پرنسس بلڈنگ، بمبئی ۔ ۴۰۰۰۰۲

مکتبہ جامعہ لمیٹڈ، یونیورسٹی مارکیٹ، علیگڑھ ۔ ۲۰۲۰۰۲

اشاعت : ۱۹۹۴ء

قیمت : دو سو روپے

لبرٹی آرٹ پریس (پروپرائٹرز مکتبہ جامعہ لمیٹڈ) پٹوڈی ہاؤس، دریا گنج، نئی دہلی میں طبع ہوئی

حرفے چند

نیاز فتحپوری کا نگار اردو کا ایک تاریخ ساز رسالہ ہے جو چالیس سال تک ہندستان سے نکلتا رہا، تا آنکہ نیاز صاحب پاکستان سدھار گئے اور پھر وہاں پہنچ کر جلد ہی اللہ کو پیارے ہو گئے۔

خدا بخش فیلوشپ کے لیے جو کام ہوئے، ان میں ایک نگار کا وضاحتی اشاریہ بھی شامل تھا۔ یہ کام ڈاکٹر عطا خورشید کے سپرد کیا گیا تھا۔ ہمیں خوشی ہے کہ وہ اس کی تکمیل کر سکے۔ کام بڑا اور خاصا پھیلا ہوا تھا، جس کی موضوعاتی تقسیم اور ذیلی موضوعات پر انھیں نظر ثانی کرنی تھی، جس کا موقعہ ہنوز نہیں مل سکا ہے۔ تاہم ہم نے خیال کیا کہ جس حد تک یہ کام ہو سکا ہے، اردو دنیا کو اس سے کچھ عرصہ کے لیے ہی سہی مزید محروم رکھنا مناسب نہ ہوگا۔ کمیاں اگلے ایڈیشن میں پوری ہوتی رہیں گی۔ اس لیے فی الحال وہ اپنی اسی شکل میں پیش خدمت ہے۔

(ع۔ ب)

مقدمہ

نیاز اور نگار

نیاز فتح پوری ایک نابغۂ عظیم تھے۔ وہ ایک قاموسی شخصیت کے مالک تھے۔ انھوں نے اردو زبان کے خط و خال کو سنوارنے میں اپنی زندگی کا ایک ایک لمحہ قربان کر دیا۔ تحریر اس قدر دلکش کہ ہر ہر لفظ قاری کو اپنی طرف کھینچتا نظر آئے۔ یہی وجہ ہے کہ آپ کی جادو بیانی نے اردو کو ایک نیا اور صاف ستھرا انداز بیان دیا اور اردو اسلوب کو ایک نئی جہت عطا کی جس نے اردو قارئین کے ایک بڑے طبقے کو اپنا گرویدہ بنا لیا۔

نیاز فتحپوری ۱۸۸۴ء میں سنمٹی گھاٹ ضلع بارہ بنکی میں پیدا ہوئے۔ چھ سال کی عمر تک اپنے والد محمد امیر خاں سے ابتدائی تعلیم حاصل کی پھر نو دس سال کی عمر میں مدرسہ اسلامیہ فتح پور میں داخل ہوئے لیکن اپنی جودت طبع اور فکری و تحقیقی ذہن کے سبب اس قدیم روایتی انداز کے مدرسے نے ان کی طبیعت پر بڑا اثر ڈالا اور انکی تحقیق پسند طبیعت اور مزاج کی کجی نے انھیں اس مدرسہ سے نکلنے پر مجبور کر دیا۔ اس کے بعد وہ ندوۃ العلماء میں داخل ہو گئے لیکن وہاں بھی اپنی طبیعت کے مطابق تعلیم مکمل نہ کر سکے۔ آپ کا رجحان تعلیم کی طرف تھا لیکن ملازمت کے سلسلے میں مخالف سمت میں چل پڑے یعنی پہلی ملازمت ۱۹۰۱ء میں بحیثیت انسپکٹر تھانہ کے کی۔ لیکن ۱۹۰۲ء میں مستعفی ہو گئے۔ پھر ۱۹۰۳ء سے ۱۹۰۵ء تک مدرسہ اسلامیہ فتحپوری میں انگریزی کے ماسٹر رہے۔ لیکن یہاں بھی زیادہ دن نہ ٹک سکے اور اسی طرح مختلف نوکریوں سے گذرتے رہے۔ ۱۹۱۰ء میں مولانا ظفر علی خاں کے اخبار زمیندار سے منسلک ہو گئے لیکن یہاں بھی وہ زیادہ دن نہ رہ سکے اور گھومتے پھرتے بھوپال جا پہنچے۔ یہاں بھی مختلف عہدوں کی سیر کرتے ہوئے بیگم بھوپال کی کرم فرمائی سے شعبۂ تاریخ سے منسلک ہو گئے۔ یہ ملازمت ان کے مزاج سے مطابقت رکھتی تھی چنانچہ یہیں انھوں نے اپنی کئی کتابیں تصنیف کیں اور انکی صحافتی زندگی کا باضابطہ آغاز بھی یہیں ہوا اور اپنا رسالہ نگار بھی یہیں سے نکالنا شروع کیا جس کے ذریعہ اردو ادب میں زندہ جاوید بن گئے۔ ۱۹۶۲ء میں پاکستان ہجرت کر گئے۔ نگار کے نکالنے کا سلسلہ وہاں بھی جاری رہا۔ آخر کار ۲۴ مئی ۱۹۶۶ء کو اس دار فانی سے کوچ کر گئے۔

نیاز فتحپوری کی حیثیت اردو ادب میں ایک ادیب کی بھی تھی اور شاعر کی بھی۔ وہ تنقید نگار بھی تھے اور افسانہ نگار بھی۔ محقق بھی تھے اور انشا پرداز بھی۔ ایک صحافی بھی تھے اور اہل قلم بھی۔ آپکی زندگی کا سب سے بڑا اور اہم کارنامہ رسالہ نگار کا اجرا ہے جس کے ذریعہ ہندستان میں کامل چالیس برسوں تک (۱۹۲۲ء سے ۱۹۶۲ء تک) اور پاکستان میں چار برسوں تک (۱۹۶۲ء سے ۱۹۶۶ء) یعنی کل چوالیس برسوں تک اردو زبان و ادب کی خدمت کرتے رہے۔ نگار کے ذریعہ اردو میں مذہبی جدیدیت کی بنا ڈالی اور ہندستانی مسلمانوں کے ایک بڑے طبقے کو مذہبی روایت پرستی اور قدامت پسندی کے جال سے نکالا۔ یہ ان کا ایک بڑا اور زبردست کارنامہ تھا۔

فروری ۱۹۲۲ء میں نیاز نے اپنے کچھ دوستوں کی معاونت سے نگار کا اجرا کیا۔ انھیں اپنے عہد کے مزاج اور تبدیلیوں کا شدید احساس تھا اور وہ رسالے کو انگریزی لفظ میگزین کے مترادف سمجھتے تھے اس لیے انھوں نے خالص ادب سے گریز کیا اور تاریخ، سیاست، ادب، معلومات عامہ اور فنونِ لطیفہ سے رسالے کو مزین کیا۔ انھوں نے اس روشن خیالی، جدید تصورات اور عقلیت پسندی کا ترجمان بنایا۔ نگار کی ابتدا ہی سے یہ خصوصیت رہی کہ وہ ظاہری طور پر زیادہ دلکش اور جاذب نظر نہیں رہا اور نہ نیاز نے کبھی اس کو ظاہری طور پر جاذب نظر بنانے کی کوشش کی۔ ابتدا سے نیاز نے جو روش اختیار کی وہ آخر تک قائم رہی۔

نیاز نے نگار میں بعض خاص خاص کالم شروع کیے جو "ملاحظات" "باب الاستفسار" "باب الانتقاد" "مالہ وما علیہ" "باب المراسلہ والمناظرہ" "مکتوبات نیاز" وغیرہ کے نام سے موسوم ہیں۔

ابتدا میں نیاز نے "ملاحظات" کو احوالِ نگار کے لیے مختص کیا مگر بعد میں اس میں وسعت پیدا کی اور "ملاحظات" میں اہم سیاسی، سماجی اور ثقافتی مسائل پر لکھنا شروع کیا۔ نگار کے "ملاحظات" اپنی اس انفرادیت کی وجہ سے اہم ہیں کہ اس میں نئے رجحانات اور نئی زندگی کا شعور بیدار کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ "ملاحظات" کے ذریعہ انھوں نے سوچنے سمجھنے کے فرسودہ طریقوں کو ہدفِ ملامت بنایا اور اپنے پڑھنے والوں کو اصل حالات سے روشناس کرانے کی سعی کی اور یہ چاہا کہ نگار کے ذریعہ ایک ایسی تحریک چلائیں جس سے حالات کا ایک جامع تصور قائم ہو اور اپنے قارئین کو ملکی و غیر ملکی حالات اور واقعات سے روشناس کرا سکیں۔ سیاست، ادب، اقتصادیات، مذہب وغیرہ موضوع پر نیاز نے جب بھی قلم اٹھایا کسی بھی مسئلہ پر اظہارِ خیال کیا تو بہت ہی نپا تلا انداز اختیار کیا۔

نگار میں "ملاحظات" کی طرح "باب الاستفسار" کے عنوان سے بھی ایک کالم ہوا کرتا تھا جو پہلے "استفسار و جواب" پھر "استفسارات" اور بعد میں "باب الاستفسار" کے نام سے آنے لگا۔ اس میں نیاز مختلف سوالات کے جوابات اپنے مخصوص انداز میں دیا کرتے تھے۔ یہ سلسلہ ابتدا سے برابر چلتا رہا۔ ابتدا میں "استفسارات" کی نوعیت تاریخی، علمی اور ادبی رہی۔

نیاز نے نگار میں تنقیدی مضامین کے لیے ایک مستقل کالم مالہ وماعلیہ کے عنوان سے قائم کیا تھا۔ اس کالم کو بھی بڑی شہرت حاصل ہوئی وجہ یہ تھی کہ اس میں وہ موجودہ دور کے شعراء کے کلام کا بغور مطالعہ کرنے کے بعد شعر کے فن اور الفاظ سے متعلق اپنی رائے کا بے لاگ اظہار کرتے تھے۔ انھیں جہاں فن میں خامی اور الفاظ کے استعمال میں غلطی نظر آتی وہ بے تکلفی کے ساتھ اس کی نشاندہی کر دیتے اور ساتھ ہی حذف و ترمیم اور اصلاح بھی کرتے جاتے۔ اس کالم کے تحت معاصر شعرا مثلاً جوش، اصغر گونڈوی، جگر مرادآبادی، سیماب، اثر لکھنوی وغیرہ کے کلام کا جائزہ لیا۔ مالہ وماعلیہ کے کالم میں کی جانے والی تنقیدیں یہ ظاہر کرتی ہیں کہ نیاز نے ہمیشہ آزادیٔ فکر کی شمع روشن کی اور بے لاگ اظہار رائے کرنے سے کبھی گریز نہیں کیا۔

باب الانتقاد کے کالم کے تحت نیاز نے بہت سے رسالوں اور کتابوں پر بھرپور تبصرے کیے۔ تنقیدی خیالات بہت اہم ہیں اور نیاز کے تنقیدی شعور کی نشاندہی کرتے ہیں۔ ان تبصروں کے پڑھنے کے بعد خوب اندازہ ہوتا ہے کہ نیاز کے عملی تنقید کا کیا انداز ہے۔ اس انداز انتقاد سے مطالعہ کرنے والوں میں تجزیۂ شعر کا شعور کس حد تک پیدا ہوتا ہے۔

مکتوباتِ نیاز کے تحت ہر ماہ نگار میں نیاز خطوط کے جواب لکھتے تھے۔ یہ خطوط انشائے لطیف کی بہترین مثال ہیں اور معلومات کا گنجینہ۔ ان میں شوخی و رنگینی بھی ہے طعن و طنز بھی، ادبیت بھی ہے بحث و تکرار بھی۔ یہ کالم نیاز کو سمجھنے کے لیے بہت اہمیت رکھتا ہے۔

ایک کالم تھا۔ باب المراسلہ والمناظرہ جس کے تحت مذہبی نظریات کی بحثوں کا ایک سلسلہ تھا جو اکثر و بیشتر نگار میں نظر آتا تھا۔

ایک اور مستقل کالم معلومات کے عنوان سے تھا۔ اس عنوان کے تحت جو واقعات اور حقائق وہ بیان کرتے تھے اس سے واضح یہی ہوتا ہے کہ وہ باذوق حضرات کو علم و حکمت کے مختلف پہلوؤں سے آگاہ کرنا چاہتے تھے۔ ان کا مقصد یہ تھا کہ دنیا کے وہ تمام علوم و فنون، سائنس، جغرافیہ اور تاریخی پہلو جو عوام کی نظروں سے پوشیدہ ہیں ان پر واضح کر سکیں۔

”نگار“ میں شائع ہونے والے تمام ادبی، تنقیدی مضامین قارئین کے ذہن و فکر کی دلچسپی کا باعث ہونے کے ساتھ ساتھ ایک قسم کا ادبی شعور بھی پیدا کرتے ہیں۔ وہ جو کچھ بھی چاہتے تھے اسے اپنے مخصوص انداز میں بیان کرنے کا انھیں ملکہ حاصل تھا۔ ”نگار“ میں اردو میں وہ واحد رسالہ ہے جس میں نیاز کی صلاحیتوں کے فیض سے دنیا کے تمام علوم و فنون پر بہترین مواد مل جاتا ہے۔ ”نگار“ کا ایک قابلِ تحسین قدم یہ بھی تھا کہ ۱۹۲۶ء سے مستقل ہر سال کسی نہایت اہم موضوع پر ایک ”خاص نمبر“ پابندی سے شائع ہوتا تھا۔ اس نے ۱۹۶۲ء تک مندرجہ ذیل ۳۶ خاص نمبر پیش کیے۔

۱۔ ملاحظات نمبر	جنوری ۱۹۲۶ء	۱۵۔ معاصر غزل گویوں پر تنقید نمبر	جنوری ۱۹۴۲ء
۲۔ مومن نمبر	” ۱۹۲۸ء	۱۶۔ ریاض نمبر	” ۱۹۴۳ء
۳۔ خاص نمبر	” ۱۹۲۹ء	۱۷۔ جدید شاعری نمبر	” ۱۹۴۴ء
۴۔ بہادر شاہ ظفر نمبر	” ۱۹۳۰ء	۱۸۔ مآخذ القرآن نمبر	” ۱۹۴۵ء
۵۔ خاص نمبر	” ۱۹۳۱ء	۱۹۔ انتقاد نمبر	” ۱۹۴۶ء
۶۔ غالب کی شوخیاں نمبر	” ۱۹۳۲ء	۲۰۔ انتقاد نمبر (حصۂ دوم)	فروری ۱۹۴۶ء
۷۔ خاص نمبر	” ۱۹۳۴ء	۲۱۔ ماجدولین نمبر	جنوری، فروری ۱۹۴۷ء
۸۔ اردو شاعری نمبر	” ۱۹۳۵ء	۲۲۔ پاکستان نمبر	” ۱۹۴۸ء
۹۔ ہندی شاعری نمبر	” ۱۹۳۶ء	۲۳۔ افسانہ نمبر	جنوری، فروری ۱۹۴۹ء
۱۰۔ اصحاب کہف نمبر	” ۱۹۳۷ء	۲۴۔ تنقید نمبر	” ” ۱۹۵۰ء
۱۱۔ اسلامی ہند نمبر	” ۱۹۳۸ء	۲۵۔ ایک مستقبل کی تلاش نمبر	” ” ۱۹۵۱ء
۱۲۔ مصحفی نمبر	” ۱۹۳۹ء	۲۶۔ حسرت نمبر	” ” ۱۹۵۲ء
۱۳۔ نظیر نمبر	” ۱۹۴۰ء	۲۷۔ داغ نمبر	” ” ۱۹۵۳ء
۱۴۔ معاصر غزل گو نمبر / معاصر غزل گو شعرا کا اپنا انتخاب	” ۱۹۴۱ء	۲۸۔ فرمانروایان اسلام نمبر	” ” ۱۹۵۴ء

۲۹- علوم اسلامی و علمائے اسلام نمبر	جنوری/فروری ۱۹۵۵ء	۳۳- تنقیح اسلام نمبر	جنوری ۱۹۵۹ء
۳۰- خدا نمبر	" ۱۹۵۶ء	۳۴- انشائے لطیف نمبر	" ۱۹۶۰ء
۳۱- اصنافِ سخن نمبر	" ۱۹۵۷ء	۳۵- غالب نمبر	" ۱۹۶۱ء
۳۲- معلومات نمبر	" ۱۹۵۸ء	۳۶- اقبال نمبر	" ۱۹۶۲ء

نیاز نے نگار کو جتنا حال کے لیے مفید بنانے کی کوشش کی اس سے کہیں زیادہ مستقبل کے لیے کارآمد بنا دیا۔ آج ادب کا ایک طالب علم جب کسی موضوع پر قلم اٹھاتا ہے کہ نگار کے اوراق پر اس کو ماضی کی تمام حکایتیں اور واقعات کی معلومات بکمالِ جاتی ہیں۔ لیکن چالیس سال کی فائل یعنی تقریباً پونے پانچ سو شماروں سے اپنے مواد کو تلاش کرنا ریسرچ اسکالر کے لیے ناممکن نہیں تو دشوار ضرور ہے۔ لہٰذا نگار کی علمی، ادبی، لسانی اور مذہبی افادیت کے پیش نظر میں نے چالیس سال کے طویل عرصہ پر محیط نگار کو ایک جلد میں "اشاریہ" کی صورت میں پیش کرنے کی کوشش کی ہے۔ یوں تو آج ہندستان کی بڑی سے بڑی لائبریری بھی "نگار" کے چند شماروں کو رکھ کر اپنی اہمیت دوبالا کرنا چاہتی ہے لیکن خدابخش لائبریری کے علاوہ ہندستان کی کسی بھی لائبریری میں نگار کی مکمل فائل موجود نہیں۔ لہٰذا اس وقیع اور وسیع رسالے کے اشاریہ تیار کرانے کا حق بھی انھی کو حاصل ہے۔ میں نے اس لائبریری کی طرف سے موضوعاتی اور وضاحتی اشاریہ تیار کیا ہے۔

نگار کے تمام مضامین کو میں نے موضوعات کے اعتبار سے تقسیم کر دیا ہے اور ہر اس عنوان کے ساتھ جس سے موضوع کی وضاحت نہیں ہوتی ہے، ایک دو جملوں میں وضاحت بھی کر دی ہے۔ موضوعات کی تقسیم کو سہل سے سہل تر بنانے کی کوشش کی گئی ہے۔ مثلاً ایک بنیادی موضوع کے تحت تمام عنوانات کو یکجا کر دیا گیا ہے پھر ان عنوانات کو مختلف موضوعات کے تحت رکھا گیا ہے پھر اسے مختلف شاخوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ مثال کے طور پر تمام تنقیدی مضامین "تنقید" کے ذیل میں رکھے گئے ہیں اور عمومی تنقیدی مضامین کو "تنقید۔ عمومی" کے ضمن میں رکھا گیا ہے۔ مفید مضامین کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے شعری اور نثری۔ شاعری پر عمومی مضامین کو تنقید کے بعد جگہ دی گئی ہے۔ پھر شعری حصے میں بھی مختلف شاخیں قائم کی گئی ہیں مثلاً رباعی، غزل، مثنوی، نظم وغیرہ اسی طرح نثری حصے میں افسانہ، داستان، ناول وغیرہ۔ ان تمام موضوعات کے عنوانات کو الفبائی ترتیب سے رکھا گیا ہے۔ اسی طرح اگر کوئی "نماز" پر لکھے گئے مضامین کی تلاش میں ہو تو وہ اس کے بنیادی موضوع "اسلامیات" کے حصہ پر نظر ڈالے پھر اس کی شاخ "عبادات" کو دیکھے، پھر اس کی دوسری تقسیم "ارکان" تک پہنچے اور اس کے ذیل میں "نماز" پر لکھے گئے مضامین اسے مل جائیں گے۔ اس سلسلہ میں ایک مثال اور دے دوں — تاریخ کے مضامین کو تین حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ "تاریخ عالم" "تاریخ ہند" "تاریخ اسلام"۔ "عالم" کے ذیل میں ابجدی ترتیب سے تمام ممالک سے تعلق رکھنے والے مضامین کو رکھا گیا ہے۔ اس ترتیب میں بھی دو خصوصیتیں ملحوظ رکھی گئی ہیں۔ اگر کسی ملک سے تعلق رکھنے والے مضامین تعداد میں زیادہ ہیں تو انھیں مزید شاخوں میں تقسیم کر دیا گیا ہے۔ مثلاً "روس" کے ذیل میں "صحافت" "مشاہیر" اور "معاشرت" جیسے موضوعات بھی قائم کیے گئے ہیں۔ اگر مضامین کم ہیں تو ان کی تقسیم نہیں کی گئی ہے۔ دوم یہ کہ ہر موضوع کے اندر بھی مضامین کی ترتیب ابجدی رکھی گئی ہے تاکہ اسکالر حضرات کو مطلوبہ مواد ایک نظر میں باسانی مل جائے۔ اسی طرح تاریخ ہند میں پہلا حصہ "عمومی" مضامین کا رکھا گیا ہے اس کے بعد اسے

عہد کے اعتبار سے مختلف شاخوں میں منقسم کیا گیا ہے۔ "قدیم" "عہد وسطیٰ" "عہد مغل" "اٹھارہ سو ستاون" اور "عہد برطانیہ" عہد قدیم اور عہد وسطیٰ وغیرہ پر مضامین کم ہونے کی وجہ کر ان کی شاخیں نہیں کی گئی ہیں لیکن "عہد مغل" کو بادشاہوں کے عہد کے مطابق تقسیم کیا گیا ہے۔ "تاریخ ہند" کی دوسری تقسیم علاقہ وار کی گئی ہے۔ اور شہروں یا صوبوں کے نام ابجدی ترتیب سے رکھے گئے ہیں مثلاً "اودھ" "بہار" "بھوپال" "دکن"... وغیرہ۔ "تاریخ" کی ایک تیسری تقسیم بھی ہے جس کے تحت "آثار" "اقوام" "تہذیب و تمدن" "نسب" وغیرہ جیسے موضوعات رکھے گئے ہیں۔

اسی طرح ادب کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ "مشرقی ادب" اور "مغربی ادب"۔ "مشرقی ادب" کے ذیل میں ہندوستانی اور غیر ہندوستانی کی تخصیص رکھی گئی ہے، ہندوستانی ادب میں بنگلہ، پنجابی، تلگو، سنسکرت، ہندی ادب وغیرہ کا عنوان قائم کیا گیا ہے۔

بنیادی موضوعات کے ساتھ اگر "عمومی" مضامین ہیں تو انھیں ابتدا میں رکھا گیا ہے اس کے بعد ان موضوعات میں ابجدی ترتیب قائم کی گئی ہے۔

"نگار" میں شائع ہونے والے مستقل کالم مثلاً "ملاحظات" "باب الاستفسار" "باب الانتقاد" "مالہ وماعلیہ" "باب المراسلہ و مناظرہ" وغیرہ کو ان کے بنیادی عنوانات سے ہی رکھا گیا ہے۔ اس کے ذیل میں اس کی وضاحت کر دی گئی ہے۔ "باب الاستفسار" کے کالم میں پابندی سے نیاز ہی جواب دیا کرتے تھے۔ لہٰذا مقالہ نگار کی جگہ میں نے سوال کرنے والے کا نام رکھا ہے کیوں کہ ایسے قارئین کے سوال ہی سے یہ دلچسپ کالم مقبول تھا۔ اسلئے انھیں بھی زندہ رکھنے کے لیے یہ ضروری تھا کہ ان کا نام رکھا جائے۔

نگار میں اکثر و بیشتر جگہوں پر مقالہ نگار کا نام نہیں ہے اسے نیاز کے نام سے منسوب کیا گیا ہے اور مقالہ نگار کی جگہ نیاز کا نام میں نے لکھا ہے کیوں کہ مختلف جگہوں پر انھوں نے اس بات کا اقرار کیا ہے کہ جس جگہ مقالہ نگار کا نام نہ ہو وہ میری تحریر سمجھی جائے۔ میں نے اس بحث کو نہیں چھیڑا ہے کہ کیا واقعی وہ مضمون ان کے ہیں یا دوسروں سے لکھوا کر اپنے نام سے شائع کیے۔

"نگار" کے ذریعہ نیاز نے اہل علم کے درمیان جدیدیت کی ایک لہر دوڑا دی تھی جس کی وجہ کر ان کی شخصیت نے اردو ادب میں انفرادیت حاصل کر لی۔ اسی لیے میں نے "نیاز" کو بھی ایک علیحدہ موضوع قرار دیا ہے۔

پونے پانچ سو شماروں پر محیط اس قدر وقیع اور قاموسی رسالے کے مضامین کا موضوعاتی اور وضاحتی اشاریہ اردو ادب میں پہلی کاوش ہے لہٰذا اس میں خامیوں کا رہنا ناگزیر ہے۔ اس پہلی کاوش کو میں اہل فکر و نظر کے سامنے اس امید کے ساتھ پیش کر رہا ہوں کہ وہ میری خامیوں کی نشاندہی کر کے میرے بعد آنے والے اشاریہ سازوں کے لیے آسانیاں پیدا کریں۔ یوں تو میں نے سائنٹفک اصول پر اس اشاریہ کو ترتیب دیا ہے۔ اور اس راہ کی کچھ مشکلوں کو آسان کرنے کی کوشش کی ہے پھر بھی بہت کمیاں رہ گئیں جنھیں اگلے ایڈیشن میں دور کرنے کی کوشش کی جائیگی مگر جب تک کے لیے:

دعائیں دیں مرے بعد آنے والے میری وحشت کو
بہت کانٹے نکل آئے مرے ہمراہ منزل سے

عطا خورشید

کچھ موضوعات کی ترتیب کے بارے میں

ہماری سب سے پہلی موضوعی تقسیم "اسلامیات" شروع تو **عمومی** سے ہوتی ہے لیکن پھر آگے سلسلہ **ابجدی** چلتا ہے اور مجموعی حیثیت سے آپ کو ذیلی تقسیم میں بھی کچھ زیادہ الجھن نہ ہوگی سوائے ایک اندراج کے جو "ب" سے شروع ہونے کے سبب بیچ میں در آیا ہے یعنی **بردہ فروشی**۔ فرق اسلامیہ میں بھی ہم نے یہ ابجدی ترتیب قائم رکھنے کی کوشش کی ہے۔ اگرچہ شیعیت کے بعد اگلے پانچ **اندراجات** کچھ ترتیب سے نکل گئے ہیں۔

ابجدی ترتیب میں پریشانی یہ ضرور ہوتی ہے کہ مثلاً تاریخ کے تحت: تبت، ترکی، جاپان، جرمنی اور چین ابجدی تسلسل میں ہیں جبکہ پہلا (تبت)، تیسرا (جاپان) اور پانچواں (چین)، **موضوعی تقسیم** ہوتی تو ایشیا میں جاتے، دوسرا (ترکی) **ایشیا** اور **یورپ** دونوں میں حوالہ پاتا، اور چوتھا (جرمنی) صرف **یورپ** کے تحت جاتا۔ **تاریخ ہند** کے تحت یہ تقسیم بہتر ہوگئی ہے، جو پہلے **عہد وار** ہے اور پھر **علاقہ وار** البتہ **آثار** کا حصہ اخیر میں کر دیا گیا ہے جو پہلے آتا تھا۔ خود تاریخ ہند کا (اساسی) موضوع مجموعی ابجدی ترتیب میں جگہ نہیں لے پایا کہ فی الحال یہ **یورپ** (آخری ابجدی حرف ی) کے تحت اندراج پانے والے لفظ کے بعد رکھا گیا ہے۔ اپنی جگہ خود اس کی اپنی ایک منطق ہے کہ **تاریخ ہند** ہمارا ترجیحی موضوع ہونے کے سبب سے الگ سے ایک مخصوص مقام کا مستحق تھا۔

تاریخ ہند کا **آثار** والا حصہ ختم ہونے کے بعد **تاریخ** پھر **عمومی** کی طرف پلٹتی ہے اور انساب، تک عمومی رہتی ہے۔ اس کے بعد ایک بار پھر یہ موضوع مڑ جاتا ہے اور **اسلام کی تاریخ** آغاز سے عہد بنی عباس تک چلتی ہے۔ تاریخ کے ان دو موڑوں کو بھی اگلی بار مناسب ترجیحوں پر لے لیا جائے گا۔

ادب کے تحت **مشرقی ادب** اور **مغربی ادب** میں بھی ابجدی ترتیب ملے گی۔ **تنقید: شاعری** کے تحت بھی ابجدیت باقی رکھی گئی ہے اور **تنقید: نثر** کے تحت بھی۔ یہ ابجدیت "ہندستانی مسلمان"

کے تحت بھی بڑی حد تک برقرار ہے اور آگے "مذاہب عالم" میں بھی یہی صورت ہے۔

اساسی موضوعات کی ترتیب کے بارے میں عرض ہے کہ "اسلامیات" سے اس ترتیب کو اس لیے شروع کیا ہے کہ موضوع کی ترجیح کا اختیار تو ہمیں ملا ہوا تھا اور ہمارے نزدیک یہ موضوع اوپر پر ترجیح رکھتا تھا۔ اس کے بعد **تاریخ و تذکرہ** وہ ابواب ہیں جو اردو ادب کے طالب علم سب سے زیادہ استعمال کریں۔ یہی صورت اس کے بعد والے عنوان **ہندوستانی مسلمان** کی ہے اور اس کے بعد **سیاسیات اور پاکستان** کی بھی۔ لیکن بعد میں جو "نیاز اور نگار" آگئے ہیں۔ انھیں غالباً آپ بہتر طور سے تذکرے کے تحت دیکھنا پسند کرتے یا شاید ادب کے تحت۔ اگلے ایڈیشن میں یہ وہیں ملیں گے۔

رہے باقی عنوانات / موضوعات یعنی **تعلیمات** اور اس کے بعد تو ان کے لیے فی الحال ہمارے پاس کوئی منطق نہیں ہے کہ وہ اس طور سے کیوں رکھے ہیں۔ بس کچھ ایسا کہ لگ بھگ دو سو صفحے کی ترتیب دے چکنے کے بعد آخری ۲۰، ۲۱ صفحے کچھ اسی طور سے ہو گئے۔ اگلے ایڈیشن میں انھیں ان کی مناسب جگہ پر لے آیا جائے گا۔ فی الحال ان کی بھی ابجدی ترتیب ذیل میں درج کیے دیتے ہیں تاکہ حوالے میں آسانی ہو جائے بلکہ صرف انھیں کی کیوں قبل کے ان چند موضوعات کو بھی شامل کیے لیتے ہیں (۱-۱۸۲) جن کی ایک حد تک ہم تاویل کر چکے ہیں۔ (اور غالباً آپ مطمئن ہو چکے ہیں!)

نگار کے موضوعات: ابجدی اشاریہ

••

مقدمۂ مرتب ۵

فہرست موضوعات ۱۲/۱

تذکرہ

اسلامیات:

عنوان	مقالہ نگار	ماہ و سال
عمومی		
• اسلام کہاں ہے؟	ہوش بلگرامی	اگست ۱۹۳۲ء
• اسلام، شریعت اور دین مذہب کا فرق		نومبر ۱۹۵۷ء
باب الاستفسار		
• حقوق اللہ و حقوق العباد	ناظم حسین، گوالیار	اگست ۱۹۲۹ء
• درود شریف اور اس کی اہمیت	نذیر احمد، سواسرا	مارچ ۱۹۳۸ء
• گناہ کا فلسفہ	غلام محمد خاں، مچھرالہ	اکتوبر ۱۹۳۷ء
• کیا اسلام تلوار سے پھیلا ہے؟ اگر یہ صحیح ہے تو وہ امن کا ڈھنڈورا کیوں پیٹتا ہے؟	زوار حسین، پٹنہ	اپریل ۱۹۴۴ء
• جادو، ٹوٹکا، گنڈا اور تعویذ وغیرہ کی اصلیت	عبدالحکیم، چمپارن	اکتوبر ۱۹۵۲ء
• ایمان اگر ذریعہ نجات ہے تو حضرت ابراہیم نے اللہ سے اطمینان قلب کا تقاضا		

عنوان	مقالہ نگار	ماہ و سال
کیوں کیا تھا؟	فضا کوثری، کولار	اگست ۱۹۵۹ء
• جہاد اور جزیہ کے متعلق اسلامی احکام کیا ہیں؟	ایک صاحب، لکھنؤ	جون ۱۹۶۱ء
• اسلام میں جہاد کی اہمیت	سید علی الدین، کرتارپور	اپریل ۱۹۶۲ء
• ذنب اور استغفار کا حقیقی مفہوم	سید ذکی الدین، کلکتہ	مئی ۱۹۶۲ء
باب المراسلہ والمناظرہ		
• تہذیب اسلام کو فطری اور آخری مذہب کیوں کہا جاتا ہے؟ کیا وید میں کوئی کمی رہ گئی تھی جسے اسلام نے پورا کیا؟	ہرنام سنگھ، کشمیر	جولائی ۱۹۳۴ء
• دنیائے اسلام کا عصر جدید اتحاد بین المسلمین کا جائزہ	عزیز احمد زبیری	نومبر ۱۹۳۳ء
• علوم اسلامی پر ایک مؤرخانہ نظر	نیاز	مارچ ۱۹۲۲ء
قتال فی سبیل اللہ		
• اسلامی عقیدے کے مطابق قتال فی سبیل اللہ کی وضاحت	سید شوکت علی سبزواری	اکتوبر ۱۹۳۱ء

عنوان	مقالہ نگار	ماہ وسال
• ماخذ القرآن	ڈاکٹر ٹسڈل	جنوری، فروری ۱۹۴۵ء
— ڈاکٹر ٹسڈل کی مکمل تصنیف اس شمارے کی زینت ہے یہ کتاب چھ ابواب پر مشتمل ہے۔ پہلا باب تمہید، دوم اسلام پر قدیم عربی عقائد و رسوم کا اثر، سوم اسلام پر صابی و یہودی خیالات و رسوم کا اثر، چہارم۔ اسلام پر نصرانیت اور عیسائیوں کی مشکوک کتب کا اثر، پنجم۔ قرآن و احادیث میں زردشتی عنصر، ششم۔ فرقۂ حنیف اور اس کا اثر ابتدائی اسلام پر۔		
• مذاہب عالم میں اسلام کا مرتبہ	نیاز	جنوری، فروری ۱۹۵۹ء
• مذہب اسلام	نیاز	جنوری، فروری ۱۹۵۶ء

ملاحظات

عنوان	مقالہ نگار	ماہ وسال
• انسان خلیفۃ اللہ ہے	نیاز	دسمبر ۱۹۲۹ء
• مسلمانان عالم اور ان کے کلچر کا ایک سرسری جائزہ	نیاز	دسمبر ۱۹۳۲ء
• یوم النبی کا لفظ "عید میلاد النبی" کے لیے غیر اسلامی اور اس طرح کی تقریبات کا منایا جانا اسوۂ		

عنوان	مقالہ نگار	ماہ وسال
رسول کی پیروی نہیں ہے۔	نیاز	جولائی ۱۹۳۴ء
• اسلام اور احترام مذہب	نیاز	مئی ۱۹۶۲ء

اسلامیات - الٰہیات

باب الاستفسارات

عنوان	مقالہ نگار	ماہ وسال
کیا درس توحید صرف اسلام کی خصوصیت تھی اور اس سے قبل یہ تعلیم کسی نے نہیں دی؟	محمد اسلم، اکبر پور	اگست ۱۹۳۵ء
• حق اللہ کوئی چیز نہیں	نیاز	جنوری فروری ۱۹۵۹ء
• خدا - ایک لسانی تحقیقی جائزہ	سید قدرت نقوی	اگست ۱۹۶۳ء
• خدا کا ماضی، حال اور مستقبل لوئس کالنج کی کتاب "مذہبی ایجادات و فریب" (Religious Invations & Frauds) کی تلخیص	عتیق صدیقی	دسمبر ۱۹۴۰ء
• خدا کے وجود کے سائنسی دلائل	نیاز	مئی ۱۹۵۷ء
• فلاسفہ کا تصور الٰہ	محمد عباس طالب صفوی	اکتوبر، نومبر، دسمبر ۱۹۵۷ء
— یہ ایک مکمل کتاب ہے جو بالاقساط شائع ہوئی ہے۔ اس میں دنیا کے تمام عظیم و قدیم فلاسفہ کے تصور الٰہ سے بحث کی گئی ہے۔		اپریل-دسمبر ۱۹۵۸ء، مارچ-دسمبر ۱۹۵۹ء، مارچ ۱۹۶۰ء
• کیا خدا کا وجود ہے؟	نیاز	فروری ۱۹۳۲ء

ملاحظات

عنوان	مقالہ نگار	ماہ و سال
• اسلام کا تصور خدا۔ ایک جائزہ	نیاز	مارچ ۱۹۳۰ء
• خدا لامذہبیت کے زاویۂ نگاہ سے	نیاز	اگست ۱۹۳۲ء
• خدا کے وجود کا اقرار		ستمبر ۱۹۳۲ء

بردہ فروشی

باب الاستفسار

• غلاموں کی خرید و فروخت کی تاریخ	مشتاق الحسن خاں، اجمیر	جنوری ۱۹۲۴ء
• رسم غلامی اور اسلام	نیاز	مئی ۱۹۶۲ء
• لونڈیوں کا مسئلہ عہد اسلام میں کنیزوں کا اثر و اقتدار	نیاز	نومبر ۱۹۳۱ء

تصوف

استفسارات

• منصور حلاج کا عقیدہ	محمد زبیر رضوی، پٹنہ	جولائی ۱۹۲۴ء
• صوفیانہ اصطلاح حقیقت و مجاز	محمد یوسف، گجرات	مئی ۱۹۲۵ء
• صوفیانہ اصطلاح یقین و جبروت	سید شاہ بدر عالم، کاٹھیاوار	مئی ۱۹۲۵ء
• مولانا روم کے ایک شعر کی تشریح		جون ۱۹۲۵ء
~ سبزوارست ایں جہاں کجمدار ماچو بوبکریم دروے خوار و زار	محی الدین احمد خاں، بھاگلپور	
• مولانا روم کے ایک شعر کی تشریح		

عنوان	مقالہ نگار	ماہ و سال
~ کور کورانہ مرو در کربلا	سید عبدالحسن	
تا نیفتی چوں حسین اندر بلا	سید عبدالحسین، روہڑی	فروری ۱۹۲۶ء
• فروری ۲۶ء کے شمارے میں مولانا روم کے شعر کی تشریح (استفسارات) پر اعتراض۔ اس سلسلے میں نیاز کی مزید وضاحت۔	فیاض علی، فیض آباد	اپریل ۱۹۲۶ء

استفسار و جواب

• بعض صوفیانہ اصطلاحات کا انگریزی میں ترجمہ	شاہ محمد عالم، پشاور	نومبر/دسمبر ۱۹۲۲ء
• اصطلاحات تصوف کا ترجمہ	نیاز	جنوری/فروری ۱۹۵۸ء

بابُ الاستفسار

• بیعت کیا ہے اور کیا موجودہ دور کی پیری مریدی کی صورت صحیح ہے۔	خورشید احمد، حیدرآباد	اپریل ۱۹۳۰ء
• فرقۂ مولویہ کی تاریخ	رضا علی خاں، رامپور	اگست ۱۹۳۱ء
• مزامیر سے کیا مراد ہے؟ کیا سماع بالمزامیر جائز ہے؟	علی گوہر، پشاور	فروری ۱۹۳۳ء
• تصوف کیا چیز ہے؟	محمد سلیمان اخگر، تخت ہزاری	مئی ۱۹۳۸ء
• وحدۃ الوجود اور وحدۃ الشہود کیا ہے؟	سید بادشاہ، لاہور	نومبر ۱۹۶۱ء
• تصوف اسلام	نیاز	جنوری/فروری ۱۹۵۶ء

عنوان	مقالہ نگار	ماہ و سال
• تصوف اسلام پر ایک مؤرخانہ نظر	عبدالمالک آروی	اگست، ستمبر، اکتوبر، نومبر ۱۹۲۹ء
• تصوف پر ایک نظر	ذکا صدیقی	اپریل ۱۹۶۰ء
• تصوف۔ مولانا آزاد کی نظر میں	رفیع اللہ عنایتی	”
• جبر و اختیار	نیاز	جنوری، فروری ۱۹۵۸ء
• حقیقت و مجاز	”	”
• شاہ نظام الدین اولیاء کی ایک عجیب و غریب تصنیف — بابا فرید الدین گنج شکرؒ کے ملفوظات "راحت القلوب" کا تعارف	نقاد	جون ۱۹۳۰ء
• صوفی فلاسفہ	نواب محمد عباس طالب رضوی	اپریل، جون، جولائی، اگست، ستمبر، اکتوبر ۱۹۶۰ء
• مولویہ طبقہ — مولانا روم سے نسبت رکھنے والے صوفیانہ طبقے کی تاریخ	نیاز	جنوری، فروری ۱۹۵۸ء

حدیث۔ فن و تدوین

باب الاستفسار

عنوان	مقالہ نگار	ماہ و سال
• حدیث کا فن اور تاریخ	سید ابوتراب، حیدرآباد	ستمبر ۱۹۳۴ء
• کتب احادیث کی جمع و ترتیب کب ہوئی؟	مولوی علی الدین، سہارنپور	جون ۱۹۶۲ء

حدیث۔ تنقیح

عنوان	مقالہ نگار	ماہ و سال
• احادیث کی کوئی دینی قیمت نہیں۔	ایک مسلمان	جنوری، فروری ۱۹۵۹ء

باب الاستفسار

عنوان	مقالہ نگار	ماہ و سال
• معیاری و غیر معیاری حدیث	سید تفضل حسین، امروہہ	نومبر ۱۹۵۰ء
• پھر بحث سنت — مقبول احمد صاحب کے مضمون "لفظ سنت کی تحقیق" کا جواب	سید سلیمان ندوی	جولائی، اگست ۱۹۳۰ء
• تقلید کے خراب نتائج اور ہمارے علماء کی عبرتناک حالت	سلیم چشتی	دسمبر ۱۹۳۳ء
• جنت الحمقاء — جنت کی محافل نغمہ و سرود کی بحث احادیث کی روشنی میں	نیاز	دسمبر ۱۹۵۸ء
• حدیث نبوی اور مولانا عبدالسلام ندوی — مولانا عبدالسلام ندوی کے ایک مطبوعہ رسالہ "حدیث نبوی" کا تعارف۔	بکیر احمد جائسی	جون، جولائی ۱۹۶۰ء
• خارستان احادیث	نیاز	جنوری، فروری ۱۹۵۹ء
• سید سلیمان ندوی جواب دیں کہ کیا واقعی احادیث		

کی کوئی دینی قیمت نہیں۔ ایک مسلمان اکتوبر ۱۹۳۰ء

● سید سلیمان ندوی کی طرف
سے جواب محمد یوسف رشیدی دسمبر ۱۹۳۰ء

— سید سلیمان ندوی جواب دیں
"..." کا جواب

● لفظ سنت کی تحقیق اور اڈیٹر
معارف کی نکتہ پروری سید مقبول احمد اپریل ۱۹۳۰ء

— سید سلیمان ندوی کے ایک
مضمون مشمولہ معارف اگست
۱۹۲۹ء کے جواب میں یہ مضمون
ہے۔ سید صاحب نے مقبول احمد
کے اس قول کا مضحکہ اڑایا تھا کہ
یہود کا ختنا اور مسلمانوں کا سنت
ہم معنی و مرادف ہے۔

● مطالعۂ حدیث تنقید صحیح حق گو مارچ ۱۹۳۱ء
کی روشنی میں

— مجموعۂ احادیث پر ہم کو کس
حد تک اور کن شرائط کے ماتحت
اعتماد کرنا چاہیے تو اسی خیال کو
بنیاد بنا کر یہ سلسلہ شروع کیا
گیا ہے۔ اس پہلی قسط میں حضرت
ابوہریرہؓ کے متعلق اظہار خیال
کیا گیا ہے۔

● مطالعۂ حدیث تنقید صحیح کی
روشنی میں حق گو اپریل ۱۹۳۱ء

— دجال کی حقیقت حدیث
کی روشنی میں۔

● مطالعۂ حدیث تنقید صحیح مئی ،،
کی روشنی میں حق گو

— اسریٰ یا معراج کا جائزہ
حدیث صحیح کی روشنی میں

● مطالعۂ حدیث تنقید صحیح جون ،،
کی روشنی میں حق گو

— حدیث صحیح کی روشنی میں قتل
مرتد کا جائزہ

● مطالعۂ حدیث تنقید صحیح
کی روشنی میں حق گو جولائی ۱۹۳۱ء

—

● مطالعۂ حدیث تنقید صحیح
کی روشنی میں حق گو اگست ۱۹۳۱ء

— اوقات صلوٰۃ کے متعلق
حدیثوں کا تجزیہ

● مطالعۂ حدیث تنقید صحیح
کی روشنی میں حق گو ستمبر ۱۹۳۱ء

—

● مطالعۂ حدیث تنقید صحیح

عنوان	مقالہ نگار	ماہ وسال
کی روشنی میں	حق گو	اکتوبر ۱۹۳۱ء
ــ نصاب زکوٰۃ وعشر کے متعلق		
احادیث کا تجزیہ		
• ملک خطا کے شہزادے	سید ومی احمد بلگرامی	اگست ۱۹۲۵ء
• لاتقربوا الصلوٰۃ وانتم		
سکاری کا سبب نزول		
اور حضرت علی کے شراب پینے		
کے سلسلے میں ابوداؤد کی		
روایت کا تجزیہ۔		ستمبر ۱۹۲۵ء
• ملک خطا کے شہزادے پر		
ایک نظر	نیاز	فروری ۱۹۲۶ء
رسوم		
باب الاستفسار		
• رسم ختنہ کی تاریخ	محمد عبدالکریم خاں پشاور	دسمبر ۱۹۲۳ء
روشن خیالی		
استفسارات		
• بزرگوں کے کرامات	سبحان احمد، دہلی	مارچ ۱۹۲۴ء
• کیا نیاز کو معجزہ وکرامات		
سے انکار ہے ؟	محمد زبیر، مراد آباد	مئی ۱۹۲۴ء
• معجزہ وکرامات کے سلسلے		
میں ایک تفصیلی بحث۔	ضیاء اللہ خاں رامپور	اگست ۱۹۲۴ء
• تعویذ وحمائل وغیرہ کی حقیقت	بدرالدجیٰ، پٹنہ	اکتوبر ۱۹۲۴ء

عنوان	مقالہ نگار	ماہ وسال
• اسلام کا عقلی جائزہ	م-ا	جنوری فروری ۱۹۵۹ء
باب الاستفسار		
• عقل ومذہب کی جنگ	عبدالحفیظ، میرٹھ	جون ۱۹۲۳ء
باب المراسلہ والمناظرہ		
• "فلسفۂ مذہب" کے سلسلے میں		
مزید اظہار رائے	سید مقبول احمد میرٹھ	اکتوبر ۱۹۲۸ء
• معجزات وخوارق اپنی جگہ		
ناقابل انکار حقایق ہیں اور		
جو انھیں تسلیم نہیں کرتے وہ		
سخت تنگ نظر ہیں۔ نیاز		
نے اپنی رائے بھی ظاہر کی ہے۔	شبیر احمد عثمانی	جون ۱۹۵۰ء
• تقلید کے خراب نتائج اور		
ہمارے علماء کی عبرتناک حالت	سلیم چشتی	دسمبر ۱۹۳۳ء
• حق اللہ کوئی چیز نہیں	نیاز	جنوری فروری ۱۹۵۹ء
• روایت ومعجزہ کا دور	نیاز	ستمبر ۱۹۳۸ء
• عقلیت کا عروج	نیاز	جنوری فروری ۵۶ء
• علماء کرام کا عجیب وغریب نظریہ		
نجات کے لیے اخلاق کی		
پاکیزگی ضروری نہیں۔	نیاز	جنوری فروری ۱۹۵۹ء
• عہد حاضر کے منکرین خدا		
ومذہب کیا کہتے ہیں۔	نیاز	دو
• قرآن وحی الٰہی ہے لیکن خدا		

عنوان	مقالہ نگار	ماہ وسال
کا کلام نہیں	نیاز	جنوری، فروری ۱۹۵۹ء
• کیا قرآن خدا کا کلام ہے؟	نیاز	جولائی ۱۹۴۰ء
• مادیین کا مذہب	نیاز	اکتوبر، نومبر، دسمبر ۱۹۲۲ء
• مادیت پرستوں کے خیالات (مذہب) کا جائزہ		فروری، اپریل ۱۹۲۳ء
• مذہب کی پیدائش علمی نقطۂ نظر سے۔	اصطفیٰ سرسوی	اگست ۱۹۴۵ء

ملاحظات

عنوان	مقالہ نگار	ماہ وسال
• کیا موجودہ دور کے علمائے کرام عالم کہے جانے کے مستحق ہیں؟	نیاز	ستمبر ۱۹۲۹ء
• اسلام صرف قدیم روایات کی پابندی پر زور نہیں دیتا ہے بلکہ روشن خیالی کی بھی تعلیم دیتا ہے اس ضمن میں مصطفیٰ کمال پاشا کے ترکی کی مثال۔	نیاز	مارچ ۱۹۳۱ء
• مسلمانوں کو روشن خیال ہونے کا اور کورانہ تقلید سے باز رہنے کا مشورہ	نیاز	اگست ۱۹۳۱ء
• مسلمانوں کی تباہی کا راز اس کی قدامت پرستی ہے۔	نیاز	جون ۱۹۳۳ء
• سہسرام کے عبدالعزیز نامی ایک شخص کا پاپیادہ حج کے ارادے سے اس اہتمام سے نکلنا کہ ہر پانچ قدم پر دو رکعت نماز پڑھیں گے۔ نیاز کا اس پر جارحانہ تبصرہ	نیاز	جون ۱۹۳۳ء
• کیا مذہب کا دوسرا نام روایت پسندی ہے؟ اگر نہیں تو روشن خیالی کے پر لوگ کیوں چراغ پا ہوتے ہیں؟	نیاز	مارچ ۱۹۳۴ء
• کیا اس وقت مذہبی درسگاہوں کی تعلیم موجودہ عہد کے تقاضوں کو پورا کرتی ہے؟ اسلام فرسودگی اور دقیانوسیت کا شکار نہیں بلکہ روشن خیالی اور کشادہ ذہنی کی تعلیم دیتا ہے	نیاز	جولائی ۱۹۳۵ء
• بازار اسلام میں جنس کفر کی ارزانی۔	نیاز	ستمبر ۱۹۳۶ء
• مذاہب کی واہمہ پرستیاں	نیاز	جون ۱۹۳۹ء
• قرآن کا کلام خدا ہونا کیا معنی رکھتا ہے؟	نیاز	اگست ۱۹۴۰ء
• معارف کے اس "شذرات" پر تبصرہ جس میں مدیر کی		

عنوان	مقالہ نگار	ماہ و سال
طرف سے ہندستان میں لامذہبیت کے بڑھتے ہوئے فتنہ پر تشویش ظاہر کی گئی تھی۔	نیاز	دسمبر ۱۹۵۲ء
• پاکستان میں نماز اردو میں پڑھے جانے پر احتجاج۔	نیاز	جون ۱۹۵۷ء
• نزول وحی	شمس شیدائی	دسمبر ۱۹۳۳ء
• ہماری اسلاف پرستیاں	اصطفےٰ سرسوی	جولائی ۱۹۴۵ء
• ہمارے علماء کا دینی نظریہ اسلام حریت فکر کے منافی ہے۔	سید اختر علی تلہری	اکتوبر ۱۹۴۵ء
• ہمارے علماء کا نقطۂ نظر	نیاز	مارچ ۱۹۴۵ء

سیرۃ

باب الاستفسار

عنوان	مقالہ نگار	ماہ و سال
• کیا نبوت واقعی ختم ہوگئی؟	ام۔ اے۔ صدیقی، کیموڑ	جولائی ۱۹۳۳ء
• آنحضرت صلعم کا امّی ہونا	محمد عتیق صدیقی، کلکتہ	اپریل ۱۹۳۵ء
• رسول اللہ اور تعدادِ ازدواج	علی حسن خاں، تلہر	جون ۱۹۳۵ء
• سیرۃ نبوی کے مطالعہ کا بہترین ذریعہ کیا ہے اور موجودہ کتب سیر میں کس پر اعتماد کلی ہو سکتا ہے۔	محمد اسلم، اکبرپور	اگست ۱۹۳۵ء
• "فارقلیط" کس زبان کا لفظ ہے اور اس کا کیا مفہوم ہے؟	ایک صاحب، حیدرآباد	نومبر ۱۹۶۰ء
• رسول اللہ صلعم نے متعدد		

عنوان	مقالہ نگار	ماہ و سال
شادیاں کیوں کی؟	عبدالسلام خاں، آگرہ	اپریل ۱۹۶۱ء
• سورہ مدثر کی بعض ان آیات کی تفسیر جن میں آنحضرت صلعم کا ذکر ہے۔	سید اسماعیل، دکن	دسمبر ۱۹۶۱ء

باب المراسلہ والمناظرہ

عنوان	مقالہ نگار	ماہ و سال
اپنے مضمون "معراج نبوی" (فروری ۳۳ء) کے سلسلے میں مراسلہ جس میں انھوں نے ڈاکٹر ٹسڈل کا جواب دیا ہے۔ "نیاز کا یہ اعتراض کہ کیا کوئی غیر مسلم آپ کے قرآن وحدیث کے دلائل کو مانے گا؟ اگر وہ مان لیتا ہے تو وہ غیر مسلم کہاں رہا، اور پھر اعتراض اعتراض نہ رہا۔	عبدالمالک آروی	مارچ ۱۹۳۳ء
• "معراج نبوی" کے سلسلے میں مزید وضاحت۔	عبدالمالک آروی	مئی ۱۹۳۳ء
• "معراج نبوی" کے سلسلے میں عبدالمالک آروی کی مزید وضاحت (مئی ۳۳ء) کا جائزہ۔ ساتھ ہی ساتھ پھر نیاز کا اپنا ذاتی خیال		

عنوان	مقالہ نگار	ماہ وسال
معراج کے سلسلے میں	حکیم احمد، گوالیار	اگست ۱۹۳۲ء
• نار قلیطا اور محمدؐ	مولانا ابو الجلال ندوی، عمرآباد	ستمبر ۱۹۴۵ء
• حروب صلیبیہ کا ایک اہم واقعہ — نورالدین شہید کے عہد میں رسول اللہؐ کے جسد مبارک کو لے جانے کی کوشش تاریخ کے نقطۂ نظر سے۔	نیاز	اپریل ۱۹۲۴ء
• حل التضاد فی تواریخ سیرۃ خیر العباد	اسحاق النبی خاں	اگست ۱۹۶۲ء
• معجزہ در علم غیب	نیاز	جنوری، فروری ۱۹۵۹ء
• آنحضرت صلعم کا اپنی بعض ازواج کو طلاق دینے کے سلسلے میں نیاز کا تاریخی جائزہ	نیاز	جولائی ۱۹۳۲ء
• دار العلوم دیوبند کے رسالہ "قاسم العلوم" (جمادی الاول ۱۳۵۴ھ کے شمارے میں آنحضرت صلعم کی ازواج کی بحث۔ اسی سلسلہ میں نیاز کا مدبرانہ اور فکری جواب۔	نیاز	اکتوبر ۱۹۳۵ء
• نزولِ وحی	شمس شیدائی	دسمبر ۱۹۳۳ء
• واقعہ معراج کے متعلق اسلامی		

عنوان	مقالہ نگار	ماہ وسال
عقاید کی تحلیل اور ایک انگریز مستشرق ڈاکٹر ٹسڈل کی ہرزہ سرائیاں۔	عبدالمالک آروی	فروری ۱۹۳۳ء
• ولادت و ہجرتِ نبوی کی صحیح تاریخ (ہیئت کے نقطۂ نظر سے۔	نیاز	دسمبر ۱۹۲۲ء

عبادات - ارکان - نماز

استفسارات

عنوان	مقالہ نگار	ماہ وسال
• صلوٰۃ وسطیٰ کی اہمیت	احمد زماں، مراد آباد	مئی ۱۹۲۵ء

بابُ الاستفسار

عنوان	مقالہ نگار	ماہ وسال
• نماز پنجگانہ ہے یا سہ گانہ	سید محمد اطہر، خیرپور	اکتوبر ۱۹۲۸ء
• نماز کیا ہے، کیا اس سے اعمال کی اصلاح ہوسکتی ہے، کیا اس کے لیے وقتوں کا تعین ضروری ہے؟	عقیل احمد جعفری، بارہ بنکی	دسمبر ۱۹۲۸ء
• نماز کی موجودہ صورتحال	ی۔ س۔ صوفیہ، حیدرآباد	اگست ۱۹۲۹ء
• نماز کی حقیقت	محمد ایوب، اریسہ	جولائی ۱۹۳۲ء
• کیا قرآن میں نماز کے پانچوں اوقات کا ذکر ہے؟	سید عبدالکریم، مرزاپور	اپریل ۱۹۶۰ء

بابُ المراسلہ والمناظرہ

عنوان	مقالہ نگار	ماہ وسال
• مراسلہ نگار کے جواب میں نیاز کا نظریۂ نماز جس میں		

عنوان	مقالہ نگار	ماہ و سال
انھوں نے موجودہ ارکان نماز کو غیر قرآنی ثابت کیا ہے	ضیاء الدین احمد خاں اٹاوہ	اگست ۱۹۲۹ء

عبادات۔ ارکان۔ زکوٰۃ

باب الاستفسار

عنوان	مقالہ نگار	ماہ و سال
• کیا ہندوستان میں زکوٰۃ ادا کرنا واجب ہے؟	شفیق احمد	اکتوبر ۱۹۳۶ء

عبادات۔ ارکان۔ حج

استفسارات

عنوان	مقالہ نگار	ماہ و سال
• میقات حج سے کیا مراد ہے؟	محمد اسلم، جہلم	جنوری ۱۹۲۴ء

اسلامیات۔ عقائد

استفسار و جواب

عنوان	مقالہ نگار	ماہ و سال
• عالم کی کتنی قسمیں ہیں اور ان کی حقیقت کیا ہے نیز علمی نقطۂ نگاہ سے عالم ارواح کی کیا حقیقت ہے؟	علیم الدین، الٰہ آباد	فروری ۱۹۲۳ء
• معاد و خلود کے متعلق عقلی جواز	محمد زکریا، برہان پور	ستمبر ۱۹۲۳ء
• کیا تقدیر بدل سکتی ہے؟	عبدالحمید، راولپنڈی	نومبر ۱۹۲۳ء
• بہشت و دوزخ کا وجود	حکیم عبدالحفیظ، کھگڑیا	جولائی ۱۹۲۶ء

استفسارات

عنوان	مقالہ نگار	ماہ و سال
• حور و غلمان کا شمار کس خلقت میں ہوتا ہے۔ انسان یا ملائکہ؟	تصدق حسین نظیر سلطانپور	اکتوبر ۱۹۲۶ء
• (۱) کیا قیامت میں ہر چیز کو فنا ہے؟ (۲) روز محشر زمین پر ہوگا یا آسمان پر؟	الٰہی بخش، بمبئی	اکتوبر ۱۹۲۶ء

باب الاستفسار

عنوان	مقالہ نگار	ماہ و سال
• "معاد" کے سلسلے کی بحث		جون، جولائی ۱۹۲۸ء
• لفظ "شیطان" کی تاریخی تحقیق	عبدالباسط، کانپور	جون ۱۹۲۹ء
• وحی کیا ہے اور کیا یہ صرف پیغمبروں کے لیے ہی مخصوص ہے؟	محمد نذیر، بمبئی	اپریل ۱۹۳۰ء
• کیا عالم برزخ کا کوئی وجود ہے؟	سید علی حسین، مبارکپور	اپریل ۱۹۳۲ء
• تناسخ کا مسئلہ اسلام کی روشنی میں۔	محمد ایوب، رینہ	جولائی ۱۹۳۲ء
• مسیح کے دوبارہ زندہ ہونے کا عقیدہ مسلمانوں میں کہاں سے آیا؟	سید اصغر علی، ٹونک	جولائی ۱۹۳۴ء
• پل صراط اور نور محمدی کی حقیقت۔	مرزا محمد مہدی، جبل پور	جولائی ۱۹۳۵ء
• کیا درس توحید صرف اسلام کی خصوصیت تھی اور اس سے قبل یہ تعلیم کسی نے نہیں دی؟	محمد اسلم، اکبرپور	اگست ۱۹۳۵ء

عنوان	مقالہ نگار	ماہ و سال
(۱) حجر اسود کی تاریخ (۲) قرآن کے حوالے سے۔ کیا عالم کی تخلیق چھ دن میں ہوئی؟	محفوظ الرحمن، چھالاواڑ	اکتوبر ۱۹۳۵ء
• وجود روح، تناسخ اور حاضرات۔	سید علیم الدین، جہان آباد	جولائی ۱۹۳۶ء
• شیطان کی کیا حقیقت ہے اور مذاہب عالم میں یہ عنصر کیوں اور کب سے شامل ہوا؟	محمد عبد العلی خاں، فرخ آباد	اگست ۱۹۳۷ء
• لوح محفوظ کی حقیقت اور عذاب و ثواب کا اسلامی عقیدہ	صفی مظہری، غازیپور	اگست ۱۹۴۰ء
• کیا نکیرین کا وجود ہے؟	عبد العزیز خاں، دہلی	اکتوبر ۱۹۴۰ء
• دجال کی حقیقت	اسلام ظفر، چاٹگام	مارچ ۱۹۵۴ء
• نزول وحی اور جبرئیل	ابو البقاء، مِی ٹراونڈلگا	اگست، ستمبر ۱۹۶۱ء

باب المراسلہ والمناظرہ

عنوان	مقالہ نگار	ماہ و سال
• نیاز کے مضمون "ہمارے علماء کرام کا عجیب و غریب نظریۂ دینی (جنوری ۱۹۳۱ء) کا جواب اور نیاز کی اس سلسلے میں مزید بحث۔	منظور سروش، بھوپال	اپریل ۱۹۳۱ء
• نیاز کی اس تحریر کے سلسلے میں جس میں انھوں نے		

عنوان	مقالہ نگار	ماہ و سال
حق گو کے مضمون "مطالعۂ حدیث تنقید صحیح کی روشنی میں" (اپریل ۱۹۳۱ء) دجال پر بحث کرتے ہوئے قرآن کی ایک آیت کی طرف اشارہ کیا تھا۔	حق گو	جون ۱۹۳۱ء
• نیاز کا خدا اور روح کے متعلق خیال۔	عبد المجید حیرت، شملہ	جولائی ۱۹۳۲ء
• اسلام میں اعتقاد کا کیا مطلب ہے اور کیا مذہب صرف کورانہ تقلید سکھاتا ہے؟	مشتاق حسین، لشکر	دسمبر ۱۹۳۵ء
• تقدیر اور گردش کواکب	قمر الحسن قمر	اکتوبر ۱۹۳۲ء
• حیات بعد الموت	محمد نصیر الدین	اگست ۱۹۳۶ء
• حیات بعد الموت	محمود علی	دسمبر ۱۹۳۶ء
— محمد نصیر الدین کے مضمون (اگست ۱۹۳۶ء) کی روشنی میں اپنے واردات پیش کیے گئے ہیں۔		
• عالم برزخ — غیر اسلام و قرآنی نقطۂ نظر سے۔	نیاز	اگست ۱۹۵۹ء
• مذہبی عقائد اور سائنس	نیاز	جولائی ۱۹۴۷ء
• مسئلہ نور پر ایک ہلکی سی روشنی	نیاز	اپریل ۱۹۲۲ء

عنوان	مقالہ نگار	ماہ و سال
ملاحظات		
• اسلام صرف عقاید پرستی نہیں سکھاتا ہے بلکہ اسکے ہاں اخلاق اولیت کا درجہ رکھتا ہے۔ اسلامی عقائد نئے نہیں ہیں بلکہ قدیم مذاہب میں بھی پائے جاتے تھے۔	نیاز	اپریل ۱۹۳۴ء
• روح اور حیات بعد الممات کا فلسفہ۔	نیاز	اگست ۱۹۲۵ء

اسلامیات ۔ فرق ۔ عمومی

عنوان	مقالہ نگار	ماہ و سال
استفسارات		
• اسلام کے بہتر فرقے کون سے ہیں اور اس میں کون ناجی ہے؟	حسن احمد، گجرولہ	اکتوبر ۱۹۲۵ء
• اسلام میں مختلف فرقے کس طرح پیدا ہو گئے۔	معظم علی، بدایوں	نومبر ۱۹۲۷ء
• اسلام کے متفرق فرقے	نیاز	جنوری، فروری ۱۹۵۸ء
• عہد عباسیہ کے مختلف دبستان خیال	نیاز	مئی ۱۹۵۵ء
— عہد عباسیہ میں پیدا ہونے والے مختلف فرقوں کی تاریخ مثلاً معتزلہ، اشعری، صوفیت، شیعت، قرامطہ، نصیری وغیرہ۔		

فرق ۔ اخوان الصفا

عنوان	مقالہ نگار	ماہ و سال
استفسار و جواب		
• چوتھی صدی ہجری کے نصف آخر میں قائم فرقہ اخوان الصفا کی تاریخ۔ عقاید کے لحاظ سے یہ فرقہ اسماعیلیہ سے مشترک ہے۔	سعید احمد، بمبئی	اگست ۱۹۲۲ء
• اخوان الصفا	نیاز	جنوری، فروری ۱۹۵۸ء
• اخوان الصفا کی تاریخ	سعید احمد، بمبئی	جنوری ۱۹۲۹ء

فرق ۔ اشراقیین

عنوان	مقالہ نگار	ماہ و سال
باب الاستفسار		
• اشراقیین کی جماعت کب نکلی اور کہاں سے؟	نیاز	جولائی ۱۹۶۲ء

فرق ۔ بابی و بہائی

عنوان	مقالہ نگار	ماہ و سال
استفسارات		
• علی محمد باب کے حالات اور اس کے کارناموں کی حقیقت۔	محمد زکریا، سلطانپور	جنوری ۱۹۲۵ء
استفسار و جواب		
• بابی و بہائی مذہب کس طرح ظہور پذیر ہوا؟	میرزا علی نقی طہرانی، حیدر آباد	مئی ۱۹۲۳ء

باب المراسلہ والمناظرہ

عنوان	مقالہ نگار	ماہ وسال
• بہائی مسلک کی تاریخ	مولانا محفوظ الحق، بمبئی	نومبر ۱۹۵۶ء
• بابی تحریک کی روحِ رواں	نیاز	اکتوبر ۱۹۴۹ء
— بابی تحریک کی روح رواں قرۃ العین طاہرہ کے حالات۔		
• حضرت سید علی محمد باب	مہر محمد خاں شہاب	اپریل ۱۹۲۵ء
• قرۃ العین۔ سرزمین ایران کی قلوپطرہ فرقہ بابیہ کی ایک کارکن۔	پروفیسر عصمت اللہ جاوید	نومبر ۱۹۶۰ء
• مذہب باب وبہا	آنسہ ساذج، مترجم	مئی ۱۹۲۴ء
— بہائی فرقہ کے بانی بہاء اللہ کی پوتی یا نواسی کا مضمون		
• مذہب باب وبہا	ڈاکٹر عبد الغفور بسمل	اپریل ۱۹۲۴ء

فرق۔ بوہرہ

استفسار وجواب

عنوان	مقالہ نگار	ماہ وسال
• کیا ہندوستان میں بوہرہ فرقہ حشیشوں کی شاخ ہے؟	احمد الدین، سورت	ستمبر ۱۹۲۲ء

باب الاستفسار

عنوان	مقالہ نگار	ماہ وسال
• بوہرہ جماعت کی حقیقت	رشید احمد، اندور	اکتوبر ۱۹۴۹ء

فرق۔ حاجی شریعت اللہ

باب الاستفسار

عنوان	مقالہ نگار	ماہ وسال
• بنگال کے حاجی شریعت اللہ اور ان کے مسلک کی تاریخ	مولوی احمد کریم، رنگپور	ستمبر ۱۹۳۳ء

فرق۔ حشیشون

استفسار وجواب

عنوان	مقالہ نگار	ماہ وسال
• حشیشون کی تاریخ	سعید احمد، بمبئی	اگست ۱۹۲۲ء
• حشیشون	نیاز	جنوری، فروری ۱۹۵۸ء
— حسن بن صباح کا قائم کردہ فرقہ حشیشون کی تاریخ		

فرق۔ خوارج

باب الاستفسار

عنوان	مقالہ نگار	ماہ وسال
• خوارج کی تاریخ	سید ریاض الحسن، لاہور	نومبر ۱۹۳۳ء
• خوارج کی مختصر تاریخ	نیاز	جنوری، فروری ۱۹۵۸ء

فرق۔ شیعیت۔ عمومی

استفسارات

عنوان	مقالہ نگار	ماہ وسال
• کیا اہل تشیع قرآنی تحریف کے قائل ہیں؟	تصدق حسین نظیر، سلطان پور	اکتوبر ۱۹۲۶ء
• ہماری بت پرستیاں — تعزیہ داری کا جائزہ	ہوش بلگرامی	اپریل ۱۹۳۷ء

فرق۔ شیعیت۔ اسد اللّٰہی

استفسارات

عنوان	مقالہ نگار	ماہ وسال
• اسد اللّٰہی فرقہ کی تاریخ	زوار حسین، لکھنؤ	نومبر ۱۹۲۵ء
• ھم اسد اللّٰھم وھم اسد اللّٰھیم	نیاز	جنوری، فروری ۱۹۵۸ء

عنوان	مقالہ نگار	ماہ و سال
شیعیت کی ایک شاخ — فرقہ اسلاہی کی تاریخ		

فرق ۔ شیعیت ۔ اسماعیلیہ

استفسارات

عنوان	مقالہ نگار	ماہ و سال
• اسماعیلیہ فرقے کی بنیاد کس نے اور کب ڈالی اسکے خاص مقاصد اور عقاید کیا ہیں؟	آر۔اے چشتی۔ بمبئی بندر	دسمبر ۱۹۲۴ء
• فرقہ اسماعیلیہ و اثنا عشریہ میں فرق تھا۔ کیا قرامطہ اور اسماعیلیہ ایک ہی چیز ہیں؟	شوکت مرزا، اندھیری	نومبر ۱۹۲۵ء
• اسماعیلیہ مذہب	نیاز	جنوری، فروری ۱۹۵۸ء

باب الاستفسار

عنوان	مقالہ نگار	ماہ و سال
• اسماعیلیہ فرقہ کی تاریخ	زوار حسین، گوندیا	اگست ۱۹۳۶ء
• فرقۂ اسماعیلیہ	نیاز	جنوری، فروری ۱۹۵۸ء

فرق ۔ شیعیت ۔ حروفی

باب الاستفسار

عنوان	مقالہ نگار	ماہ و سال
• شیعیت کی ایک شاخ — فرقہ حروفی کی تاریخ	شیخ اکرام الحق، پشین	اگست ۱۹۳۶ء
• حروفی طبقہ	نیاز	جنوری، فروری ۱۹۵۸ء

فرق ۔ شیعیت ۔ زیدیہ

استفسارات

عنوان	مقالہ نگار	ماہ و سال
• شیعیت کی ایک شاخ فرقہ زیدیہ کی تاریخ	سید محمد جعفر حسین، خسرو پور	نومبر ۱۹۲۶ء

فرق ۔ شیعیت ۔ متأولہ

استفسارات

عنوان	مقالہ نگار	ماہ و سال
• شام میں فرقۂ اثنا عشری کی ایک شاخ (طبقۂ متأولہ کی تاریخ)	جعفر حسین، بلرام پور	جنوری ۱۹۲۴ء

فرق ۔ خطابیہ

باب الاستفسار

عنوان	مقالہ نگار	ماہ و سال
• مسلمانوں میں فرقہ خطابیہ کون سا ہے؟ کیا اس کا تعلق حضرت عمر فاروقؓ سے ہے؟	سید مجتبیٰ احسن، علی پور	مئی ۱۹۳۴ء

فرق ۔ قادیانیت

باب الاستفسار

عنوان	مقالہ نگار	ماہ و سال
• احمدی جماعت اور الیاس برنی کی تصنیف "فتنۂ قادیانیت"	سید نصیر حسین، سہارنپور	اکتوبر ۱۹۶۰ء
• میرزا غلام احمد، احمدیت اور احمدی جماعت کے متعلق نیاز کی رائے	سید حسن، کراچی	اگست، ستمبر ۱۹۶۱ء

باب المراسلہ والمناظرہ

عنوان	مقالہ نگار	ماہ و سال
• احمدی جماعت کی حقیقت	غبار یاور، کراچی	نومبر ۱۹۵۹ء

عنوان	مقالہ نگار	ماہ وسال
• میرزا غلام احمد اور تحریک احمدیت	غلام محمد شاہ کشمیری	اپریل ۱۹۶۱ء
ملاحظات		
• احمدی جماعت کے معتقدات میں مجھے کوئی غلط بات نظر نہیں آتی۔ (نیاز)	نیاز	اگست ۱۹۵۹ء
• اگست ۵۹ء کے ملاحظات سے لوگوں کا اختلاف اور نیاز کی مزید رائے	نیاز	ستمبر ۱۹۵۹ء
• پاکستان میں احمدی جماعت کو کافر قرار دیئے جانے پر نیاز کا اختلاف	نیاز	نومبر ۱۹۶۱ء
فرق۔ ماتریدی		
باب الاستفسار		
• ماتریدی فرقہ کی حقیقت	عرفان احمد گوالیار	جون ۱۹۵۱ء
فرق۔ معتزلہ		
• ابوالہذیل معتزلی امام کی مناظرانہ فراست	نیاز	مئی ۱۹۶۲ء
استفسارات		
• فرقہ معتزلہ کی کتنی شاخیں ہیں اور ان میں آپس اختلاف کیا ہے؟	اکرام اللہ ڈھاکہ	ستمبر ۱۹۲۴ء

عنوان	مقالہ نگار	ماہ وسال
• فرقہ اعتزال کی تاریخ	حسن احمد، گجرولہ	اکتوبر ۱۹۲۵ء
• اسلام کا اولین عقل پرست طبقہ	الاسدی	ستمبر ۱۹۴۵ء
• تیسری صدی ہجری کا ملحد اعظم۔ ابن الراوندی	سلیم خیاط، مترجم عرشی	اگست ۱۹۳۱ء
۔ معتزلہ فرقہ کے ایک دانشور کے حالات۔		
• فرقہ اعتزال	نیاز	جنوری، فروری ۱۹۵۸ء
• فرقہ معتزلہ کے مختلف فرقے	"	"
فرق۔ مہدویہ		
باب الاستفسار		
• مہدوی جماعت اور امام مہدی کے ظہور کی حقیقت	محمد ابراہیم حیدرآباد	فروری ۱۹۳۵ء
باب المراسلہ والمناظرہ		
• فرقہ مہدویہ کی تائید میں اور اسے فرقہ اہلسنت سے قریب تر بتایا ہے۔ نیاز نے جواباً ان دونوں فرقوں کے مابین فرق دکھلایا ہے۔	نواب بہادر یار جنگ	اپریل ۱۹۳۵ء
• فرقہ مہدویت پر چل رہی بحث کی ایک کڑی۔	ابو رشید حیدرآباد	مئی ۱۹۳۵ء
سید محمد جونپوری اور مہدویہ		

عنوان	مقالہ نگار	ماہ و سال
جماعت کے متعلق نیاز کی رائے	مندوزکی مہدیسی	فروری ۱۹۳۶ء

اسلامیات ـ فقہ

استفسارات

عنوان	مقالہ نگار	ماہ و سال
● حنفیوں کے ہاں نماز میں سورۂ فاتحہ پڑھنا اتنا ضروری نہیں جتنا دیگر مسلک میں ہے آخر یہ اختلاف کیوں؟	فضل کریم، دانا پور	دسمبر ۱۹۲۵ء

باب الاستفسار

عنوان	مقالہ نگار	ماہ و سال
● اسلامی نقطۂ نظر سے برتھ کنٹرول کا جائزہ۔	محمد ایوب، جموں	جولائی ۱۹۳۳ء
● برتھ کنٹرول یا ضبطِ تناسل	عبدالحیٔ، الٰہ آباد	فروری ۱۹۳۵ء
● مرتد کے لیے شریعت کا کیا فیصلہ ہے؟	محمد عبدالقادر خاں	دسمبر ۱۹۳۷ء
● مولانا کفایت اللہ کا خلع بل جس میں انھوں نے یہ فیصلہ دیا ہے کہ غیر اسلامی عدالت سے جاری کیے گئے طلاق یا خلع کے فیصلے صحیح نہیں ہوتے۔	ایک خاتون	اکتوبر ۱۹۴۰ء
● اسلام اور قانونِ وراثت	م۔ صاحبہ، بھوپال	اکتوبر ۱۹۴۲ء
● کیا مالِ غنیمت میں ہاتھ آئی ہوئی کنیزوں کے ساتھ بغیر نکاح ہم بستری جائز ہے؟	وحید بخش، بدایوں	دسمبر ۱۹۴۴ء
● کیا اسلام نے مرتد کو قتل کرنے کا حکم دیا ہے؟	سید عبدالحیٔ رضوی، بھاگلپور	دسمبر ۱۹۵۹ء
● مرتد اور اسی قبیل کے الفاظ مثلاً منافق، فاجر، فاسق، زندیق وغیرہ کے کیا معنی ہیں؟	سید علی جعفری، بہرامپور	جون، جولائی ۱۹۶۰ء
● اسلام اور حدِ زنا	سید محمد مبین، بنارس	مارچ ۱۹۶۱ء
● مسئلہ رویت ہلال	ڈاکٹر بشیر احمد، انبالہ خورد	مئی ۱۹۶۱ء
● کیا اسلام کی حدودِ شرعی وحشیانہ ہیں؟	سید مسیح الحسن، میرٹھ	اگست، ستمبر ۱۹۶۱ء
● سود کے لینے دینے کا قرآن و حدیث سے کیا حکم ہے؟	عبدعلی، اجین	
● اسلامی نقطۂ نظر سے نیلام جائز ہے نہیں؟	سید بدرالحسن، بنگلور	دسمبر ۱۹۶۱ء
● سورہ فاتحہ — نماز میں سورہ فاتحہ شامل کرنے کا مسئلہ۔	نیاز	جنوری، فروری ۱۹۵۸ء
● قتل مرتد اور اسلام	نیاز	مارچ ۱۹۶۰ء

قرآنیات ـ عمومی

عنوان	مقالہ نگار	ماہ و سال
استفسارات		
• کیا قرآن میں تحریف	تصدق حسین نظیر،	
ہوئی ہے؟	سلطان پور	اکتوبر ۱۹۲۶ء
• قرآن اور اس کا جغرافیہ	مسٹر جے مارٹن، بمبئی	دسمبر ۱۹۲۶ء جنوری ۱۹۲۷ء
• اصحاب کہف	نیاز	جنوری، فروری ۱۹۵۸ء
باب الاستفسار		
• تفکر فی القرآن	رؤف احمد	ستمبر ۱۹۲۸ء
• الہامی کتابیں اور قرآن		
سے اس کا موازنہ	محمد عمر صدیقی، ٹکہری	اپریل ۱۹۳۲ء
• قرآن میں لفظ "کوثر"		
سے کیا مراد ہے کیا واقعی		
وہ کوئی حوض یا چشمہ ہے		
جو جنت میں پایا جاتا ہے؟	لطف الٰہی، بنگلور	جون ۱۹۳۴ء
• کیا قرآن کلام ربانی ہے؟	سید محمد صالح، مراد آباد	جون ۱۹۴۰ء
• قرآن و حدیث کی زبان		
میں فرق ہے اس لیے دونوں		
کو ایک شخصیت (آنحضرت		
صلعم) سے کیونکر منسوب		
کیا جا سکتا ہے؟	عبدالمجید حیرت، نئی دہلی	ستمبر ۱۹۴۰ء
• کلام مجید میں مذکورہ کوثر		
و تسنیم کی حقیقت	فضل اللہ، گجرانوالہ	اکتوبر ۱۹۵۲ء
• سورہ مدثر کی بعض آیات		

عنوان	مقالہ نگار	ماہ و سال
کی تفسیر	سید اسماعیل، دکن	دسمبر ۱۹۶۱ء
باب المراسلہ والمناظرہ		
• مسئلہ خمر اور کلام مجید	نواب محمد عباس طالب	
کی ایک آیت کا ترجمہ	صفوی	اگست ۱۹۵۴ء
• بدگمانیاں اور سرگرانیاں	مختلف علماء کرام	مئی ۱۹۴۵ء
— "ماخذ القرآن" کے سلسلے میں		
بعض علماء کرام کے خطوط		
• حروف مقطعات	نیاز	جنوری، فروری ۱۹۵۹ء
• سرچشمہ قرآن	ابو الفدا محمد عبدالقادر	اپریل، جون ۱۹۴۵ء
— ڈاکٹر ٹسڈل کی تصنیف		
"ماخذ القرآن" کا جواب		
• قرآن اور معربات	مولانا کیفی چریاکوٹی	جون ۱۹۱۵ء
• قرآن مجید کے لطائف		
ادبی اور شعرائے عرب و فارس		
کا استفادہ۔	عبدالمالک آروی	جون۔ نومبر ۱۹۴۰ء
• قرآن کا نام اس کے مفہوم		
کا ہے نہ کہ الفاظ کا۔	طالب صفوی	ستمبر ۱۹۴۰ء
• قرآن وحی الٰہی ہے لیکن		
خدا کا کلام نہیں۔	نیاز	جنوری، فروری ۱۹۵۹ء
• قصہ الجودی و القرآن،	مولانا مقبول احمد صمدانی	دسمبر ۱۹۴۲ء
— قرآن مجید کی روشنی میں		
کوہ جودی کا ثبوت۔		

عنوان	مقالہ نگار	ماہ وسال
• کیا قرآن خدا کا کلام ہے؟	ایڈیٹر۔ نیاز	جولائی ۱۹۴۴ء
• کیا قرآن خدا کا کلام ہے؟	امام اکبر آبادی	اگست ۱۹۴۴ء
— نیاز کے مضمون کی موافقت میں۔		
• "ماخذ القرآن" پر ایک اصولی گفتگو	نیاز	جولائی ۱۹۴۵ء
— ڈاکٹر ٹسڈل کی تصنیف کا جواب۔		
• "ماخذ القرآن" پر ایک نظر	شوکت سبزواری	مارچ ۱۹۴۵ء
• "ماخذ القرآن" کو دیکھ کر	مولانا ملیح آبادی، علی بہادر خاں	مئی ۱۹۴۵ء

ملاحظات

عنوان	مقالہ نگار	ماہ وسال
• قرآن کا کلام خدا ہونا کیا معنی رکھتا ہے؟	نیاز	اگست ۱۹۴۴ء
• پچھلے کئی مہینوں سے چل رہی بحث قرآن الہامی یا غیر الہامی کے خاتمہ کا اعلان	نیاز	ستمبر ۱۹۴۴ء
• کلام الٰہی کا حقیقی مفہوم	نیاز	نومبر ۱۹۴۴ء
• ڈاکٹر ٹسڈل کے اعتراضات (ماخذ القرآن) پر ایک عمومی تبصرہ	نیاز	جنوری۔ مارچ ۱۹۴۵ء
• "ماخذ القرآن" کا جواب کس نوعیت کا ہونا چاہیے؟	نیاز	اپریل ۱۹۴۵ء
• "ماخذ القرآن" کا جواب اب تک نہیں دیا جا سکا ہے۔	نیاز	مئی ۱۹۴۵ء
• نزول وحی	شمس شیدائی	دسمبر ۱۹۳۳ء
• وحی کی حقیقت علمی نقطۂ نظر سے۔	قاضی محمد عزیز عرفانی	فروری، مارچ ۱۹۳۴ء

قرآنیات۔ تفسیر

باب الاستفسار

عنوان	مقالہ نگار	ماہ وسال
• کتب تفاسیر کی جمع و ترتیب کب ہوئی؟	مولوی علی الدین سہارنپور	جون ۱۹۶۲ء
• بعض آیات قرآنی کی تشریح	نیاز	نومبر ۱۹۵۸ء جنوری، فروری ۱۹۵۹ء
• قرآن و تفسیر۔ از ابتدائے اسلام تا اختتام عہد بنو امیہ	ڈاکٹر سعید حسن	مئی ۱۹۴۵ء

مسئلہ خلافت و امامت

استفسار و جواب

عنوان	مقالہ نگار	ماہ وسال
• حضرت علی کا روحانی طور پر خلیفۂ اول سمجھا جانا۔	زوار احمد، لکھنؤ	دسمبر ۱۹۲۲ء

باب الاستفسار

عنوان	مقالہ نگار	ماہ وسال
• نبی آخر الزماں اور امامت کا مسئلہ	سید سبط حسن، دہلی	مارچ ۱۹۴۴ء
• خلافت اور جانشین رسول	سید خلیل الرحمٰن اعظمی	ستمبر ۱۹۳۶ء

عنوان	مقالہ نگار	ماہ وسال
• مسئلہ امارت سنت کی روشنی میں	شوکت سبزواری	دسمبر ۱۹۴۶ء
• مسئلہ امامت وخلافت	م ۔ ح	ستمبر ۱۹۲۷ء
• مسئلہ خلافت	ہرنام	نومبر ۱۹۲۵ء
• مسئلہ خلافت وامامت (غیر مسلم کے نقطۂ نظر سے)	ہرنام	مارچ ۱۹۲۵ء
• مسئلہ خلافت وامامت — ہرنام کے مضمون (مارچ ۱۹۳۵ء) کا جواب	سید ابوسعید بزمی	جولائی ۱۹۲۵ء
• مسئلہ خلافت وامامت	ہرنام	اگست ۱۹۳۶ء
• ،، ،،	ایک آزاد خیال شیعہ کے قلم سے	جنوری ۱۹۲۷ء
• ،، ،،	ایک آزاد خیال شیعی	جنوری ۱۹۳۸ء
• ،، ،، (انسانیت اور اسلام کے نقطۂ نظر سے)	ابوسعید بزمی	جولائی ۱۹۳۷ء
• مسئلہ خلافت وامامت (انسانیت اور اسلام کے نقطۂ نظر سے) — ابوسعید بزمی کے مضمون (جولائی ۱۹۳۷ء) کا جواب	ذاکر حسین	جولائی اگست ۱۹۳۸ء

ملاحظات

عنوان	مقالہ نگار	ماہ وسال
• مسئلہ خلافت وامامت۔ میرے نقطۂ نظر سے۔	نیاز	فروری ۱۹۳۶ء
• اسی شمارے میں شامل ابوسعید بزمی کے مضمون "مسئلہ خلافت وامامت" کا جائزہ۔	نیاز	جولائی ۱۹۳۷ء
• مودودی صاحب اور مسئلہ امارت	شوکت سبزواری	اپریل ۱۹۴۷ء
• ،، ،،	،،	مئی ۱۹۴۷ء
• مودودی نظریۂ امارت	،،	مئی ۱۹۴۶ء

معجزہ وکرامات

استفسارات

عنوان	مقالہ نگار	ماہ وسال
• بزرگوں کے کرامات	سبحان احمد، دہلی	مارچ ۱۹۲۴ء
• کیا معجزہ وکرامات کا تعلق صدور محال سے ہے اور اگر ہے تو اسے تسلیم کرنے میں کیا قباحت ہے؟	علی محمد، حیدر آباد	مئی ۱۹۲۴ء
• کیا نیاز معجزہ وکرامات کے منکر ہیں؟	محمد زبیر، مراد آباد	،،
• معجزہ وکرامات کے سلسلے میں ایک تفصیلی بحث	ضیاء اللہ خاں، رامپور	اگست ۱۹۲۴ء

باب الاستفسار

عنوان	مقالہ نگار	ماہ وسال
• کیا واقعہ شق القمر قابلِ یقین ہے؟	ایم۔ اے صدیقی، کیمو	جولائی ۱۹۳۳ء
• رسول اللہ کے معجزے	سید رحمت اللہ، کراچی	مارچ ۱۹۶۲ء

باب المراسلہ والمناظرہ

عنوان	مقالہ نگار	ماہ وسال
• معجزات وخوارق اپنی جگہ ناقابل انکار حقائق ہیں اور وہ لوگ جو ان کو تسلیم نہیں کرتے وہ سخت تنگ نظر ہیں۔ — نیاز نے بھی اس سے اختلاف کیا ہے	شبیر احمد عثمانی	جون ۱۹۵۰ء
• روایت ومعجزہ کا دور	نیاز	ستمبر ۱۹۳۸ء
• معجزہ در علم غیب	نیاز	جنوری، فروری ۱۹۵۹ء
• معجزہ وخوارق عادات کی حقیقت۔ شاہ ولی اللہ کے نقطۂ نظر سے۔	عبید اللہ قدسی	اکتوبر ۱۹۳۵ء

مستشرقین

عنوان	مقالہ نگار	ماہ وسال
• مستشرقین اور فارسی کی تحصیل وتدریس	ڈاکٹر محمد باقر	نومبر ۱۹۵۵ء
• مشرقیات اور علمائے مغرب — مشرقی علوم کے مغربی علما کے حالات نیز انکے کارنامے	نیاز	مارچ ۱۹۲۵ء
• مشرقیات اور علمائے مغرب — مشرقی علوم کی آبیاری اہل مغرب کے ہاتھوں۔	نیاز	اپریل ۱۹۵۸ء

ملاحظات

عنوان	مقالہ نگار	ماہ وسال
• آئندہ جنوری ۱۹۴۵ء کے نگار کے شمارے کے متعلق جس میں نیاز ڈاکٹر ٹسڈل کی کتاب "ینابیع الاسلام" کا جواب دیں گے۔		

تاریخ

عالم

عنوان	مقالہ نگار	ماہ وسال
• جنگ کی ہولناک تاریخ	نیاز	اکتوبر ۱۹۵۳ء
• دنیا کی مسلم حکومتوں کا سرسری جائزہ	نیاز	ستمبر ۱۹۵۶ء

آئرلینڈ

عنوان	مقالہ نگار	ماہ وسال
• سیاسیات یورپ — آئرلینڈ کے حکمراں ڈی ولیرا کے حالات۔	نیاز	نومبر ۱۹۳۸ء

اٹلی

عنوان	مقالہ نگار	ماہ وسال
• اٹلی کی غیر جانبداری اور روس کی طرفداری کا راز۔	نیاز	دسمبر ۱۹۳۹ء

استفسار وجواب

عنوان	مقالہ نگار	ماہ وسال
• اٹلی کے فاسسٹوں کا تعلق کس جماعت سے ہے۔ اس کی بنیاد کس نے قائم کی؟	اکرام علی، پٹنہ	نومبر ۱۹۲۳ء
• اطالیہ کے عروج وزوال کی کہانی۔	گلاب چند	جولائی ۱۹۴۱ء
• سیاسیات یورپ	نیاز	جولائی ۱۹۳۸ء
— مسولینی کے حبشہ پر حملہ کی داستان۔		

ملاحظات

عنوان	مقالہ نگار	ماہ وسال
• حبشہ و اطالیہ کی جنگ۔ ایک جائزہ	نیاز	مارچ ۱۹۳۶ء

اٹلی ۔ مشاہیر

عنوان	مقالہ نگار	ماہ وسال
• ایک دن مسولینی کیساتھ	نیاز	جون ۱۹۳۹ء

باب الاستفسار

عنوان	مقالہ نگار	ماہ وسال
• مسولینی کے ذرائع آمدنی کیا ہیں؟	محمد ذکی، بنارس	اکتوبر ۱۹۳۹ء
• سیاسیات یورپ	نیاز	جون ۱۹۳۸ء
— مسولینی کے حالاتِ زندگی		
• مسولینی کے قتل کی داستان	نیاز	ستمبر ۱۹۴۴ء
• مسولینی کیوں ناکام رہا؟	نیاز	اگست ۱۹۴۱ء

اردن

ملاحظات

